ADULTS GROUP

Above class 12

(Urdu, English and Transliteration)

RQDS

Name:___________________

Ramadan Diniyat Course 2018

Ramadan Diniyat Classes

ADULTS GROUP

NOTE:

- Each chapter of the course is in 3 parts; Urdu,Urdu in roman English & English.
- You may study the course in whichever language you are most comfortable in.
- You may attempt the test in any language.

نوٹ:

- اس کورس کا ہر سبق ۳ حصوں میں ہے، اردو، رومن اور انگریزی۔
- آپ جس زبان میں چاہیں تیاری کریں۔
- امتحان ان میں سے کسی بھی زبان میں دیا جا سکتا ہے۔

فہرست

رسالۃ الحقوق 1

روزے کے مسایل 18

کلمات قصار 30

INDEX

Risaalatul Huqooq ١

Fasting Laws ١٨

Kalemaat e Qisaar ٣٠

اولاد کا حق: تمہارے اوپر بیٹے کا یہ حق ہے تم یہ جان لو کہ وہ تمہارا ہی ہے دنیا میں تمہیں سے وابستہ ہے اور اس کا خیر وشر بھی تمہاری ہی طرف منسوب ہوتا ہے اور یہ ذمہ داری تمہاری ہے کہ اسے ادب سکھاؤ، اسکے پروردگار کی طرف اس کی راہنمائی کرو اور اسکی اطاعت میں اسکی مدد کرو اگر تم اس ذمہ داری کو پورا کرو گے تو ثواب پاؤ گے اور اگر اس کی انجادہی میں کوتاہی کرو گے تو سزا پاؤ گے۔ پس اس کے لئے اس طرح نیک عمل کرو کہ اس کا حسن وجمال دنیا میں آشکار ہو جائے اور اس کی جو بہترین سرپرستی تم نے کی ہے اور جو نتیجہ تم نے حاصل کیا ہے وہ خدا کی بارگاہ میں تمہارے اور اس کے درمیان ایک عذر ہو جائے۔

بھائی کا حق: تمہارے بھائی کا حق تمہارے اوپر یہ ہے کہ تمھیں معلوم ہونا چاہئے کہ وہ تمہارا ہاتھ ہے اور تمہارے لئے پشت پناہ ہے کہ جہاں تم پناہ گزیں ہوتے ہو وہ تمہاری عزت ہے کہ جس پر تم اعتماد کرتے ہو اور وہ تمہاری قوت ہے کہ جس کے ذریعہ تم حملہ کرتے ہو پس اسے خدا کی معصیت و نافرمانی کا ذریعہ و حربہ نہ بناؤ اور اس کے وسیلہ سے خدا کی مخلوق پر ظلم نہ کرو تم اس کے حق میں اس کی مدد کرو اور اس کے دشمن کے خلاف اسکی نصرت کرو اسکے اور شیطان کے درمیان حائل ہو جاؤ اور اسے نصیحت کرنے میں پورا حق ادا کرو اور اسے خدا کی طرف بلاؤ پھر اگر وہ اپنے پروردگار کا مطیع ہو جائے اور اس کے حکم کو تسلیم کرے تو فبھا، ورنہ تمہارے نزدیک خدا کو مقدم ہونا چاہئے اور اسے تمہارے لئے عظیم ہونا چاہئے۔

آزاد کرنے والے کا حق:

لیکن جس مولا نے تمہیں نعمت سے نوازا ہے اور تمہیں آزاد کیا ہے اس کا حق تمہارے اوپر یہ ہے کہ تم کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ اس نے تمہیں آزادی دلانے کے لئے اپنا مال خرچ کیا اور تمہیں غلامی کی ذلت و وحشت سے نکال کر حریت و آزادی کی عزت میں پہنچا دیا، ملکیت کی اسیری سے تمہیں آزاد کیا اور تمہیں غلامی کی زنجیر سے نجات دلائی، تمہارے لئے عزت کی فضا بنائی اور تمہیں قہر کی جیل سے نکالا اور تمہیں سختیوں سے رہائی دلائی اور تمہارے لئے عدل کی زبان کھولی اور ساری دنیا کو تمہارے لئے مباح کر دیا اور تمہیں، تمہارے نفس کا مالک بنا دیا اور تمہیں زندان) سے رہا کرایا اور تمہیں تمہارے پروردگار کی عبادت کے لئے آسودہ خاطر کیا، خود مالی خرچ برداشت کیا جان لو کہ وہ تمہاری حیات و ممات میں تمہارے سارے عزیزوں سے زیادہ تم سے قریب ہے پس وہ راہ خدا میں سب سے زیادہ تمہاری مدد و کمک کا مستحق ہے جب تک اسے ضرورت ہے اسے اپنے اوپر مقدم کرو۔

آزاد شدہ کا حق:

جو غلام تم نے آزاد کر دیا اس کا تمہارے اوپر یہ حق ہے کہ تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ خدا نے تمہیں اس کا حمایت کرنے والا، پشت پناہ اور مددگار بنایا ہے اور اسے تمہارے اور اپنے درمیان وسیلہ قرار دیا ہے سزاوار ہے کہ وہ تمہیں جہنم سے نجات عطا کرے اور اس کا یہ ثواب آخرت میں تمہیں نصیب ہو اور دنیا میں بھی اگر اس کا کوئی وارث نہ ہو تو تمہیں اس کے وارث ہو کیونکہ تم نے اس پر پیسہ خرچ کیا ہے اور اس کو آزاد کیا ہے اور اس کے حق کو قائم کیا ہے اگر تم ان چیزوں کا خیال نہیں رکھو گے تو اس بات کا اندیشہ ہے کہ اس کی میراث تمہارے لئے پاک نہیں ہوگی۔

احسان کرنے والے کا حق:

جس نے تم پر احسان کیا ہے اس کا تم پر یہ حق ہے کہ اس کا شکریہ ادا کرو اور اس کا ذکر خیر کرو اور اس کی اچھی باتوں کو پھیلاؤ اور اس کے لئے خلوص کے ساتھ خدا سے دعا کرو کیونکہ اگر تم نے ایسا کیا تو گویا تم نے کھلم کھلا اور خفیہ طور پر اس کا شکریہ ادا کیا پھر اگر تمہاری استطاعت میں ہو تو اس کا بدلہ دو ورنہ اس کے انتظار میں رہو اور اس کام کے لئے خود کو تیار رکھو۔

مؤذّن کا حق:

لیکن موذن کا حق تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ وہ تمہیں تمہارے پروردگار کو یاد دلانے والا ہے اور تمہیں تمہارے حصہ کی طرف بلانے والا ہے اور جو فریضہ خدا نے تم پر واجب کیا ہے اس میں وہ تمہارا بہترین مددگار ہے تمہیں اس کی قدر اسی طرح کرنا چاہئے جس طرح تم اپنے محسن کی قدر کرتے ہو اگر تم اپنے گھر میں اس سے بدگمان ہو تو اس کے اس کام میں، بدگمانی نہ کرو جو کہ وہ خدا کے لیے کر رہا ہے اور یہ بات تم اچھی طرح جانتے ہو کہ یہ خدا کی طرف سے تمہارے لئے ایک نعمت ہے پس اللہ کی نعمت کے ساتھ اچھا سلوک کرو اور ہر حال میں اس پر خدا کا شکر ادا کرو خدا کی طاقت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

اس حق کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان کو اس بات کی طرف متوجہ ہونا چاہئے کہ اس پر موذن کا حق ہے کیونکہ وہ ایک عظیم کام انجام دیتا ہے:

امام جماعت کا حق:

لیکن پیش نماز کا تم پر یہ حق ہے کہ تمہیں یہ معلوم ہونا چاہئے کہ اس نے تمہارے اور خدا کے درمیان رابطہ کی اور تمہیں تمہارے پروردگار کی طرف لے جانے کی ذمہ داری قبول کی ہے اس موقعہ پر وہ تمہاری ترجمانی کرتا ہے اسکی طرف سے تم کچھ بھی نہیں کہتے ہو، وہ تمہارے لئے دعا کرتا ہے تم اس کے

لئے دعا نہیں کرتے ہو وہ تمہارے لئے طلب کرتا ہے، تم اس کے لئے طلب نہیں کرتے اس نے خدا کی بارگاہ میں کھڑے ہونے اور تمہارے لئے اس سے سوال کرنے کو اپنے ذمہ لیا ہے جبکہ تم نے اس کی طرف سے کوئی چیز اپنے ذمہ نہیں لی ہے اگر اس کام میں کوئی نقص ہوگا تو اس کا خمیازہ اسی کو بھگتنا پڑے گا نہ کہ تم کو اگر وہ گناہ کریگا تو اس کے گناہ میں تم اس کے شریک نہیں ہو اور اسے تم پر برتری نہیں ہے وہ تمہاری سپر بن گیا ہے اور اپنی نماز کو اس نے تمہاری نماز کی سپر بنا دیا ہے۔ لہذا اس کا شکریہ ادا کرنا چاہئے۔ خدا کی قوت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

ہمنشین کا حق:

ہمنشین کا حق یہ ہے کہ اس کے ساتھ نرمی سے پیش آؤ۔ خندہ پیشانی سے اس کا استقبال کرو اور اسے خوش آمدید کہو۔ اور اس سے گفتگو کے دوران انصاف سے کام لو اس سے یک بیک توجہ نہ ہٹاؤ اور اس سے گفتگو میں تمہارا مقصد اسے سمجھانا ہو، اگر اس ہمنشینی میں تم نے پہل کی ہے اور اس کے ہمنشین بنے ہو تو تمہیں اختیار ہے کہ جس وقت چاہو اٹھو لیکن اگر اس نے تم سے ہمنشینی کا آغاز کیا ہے تو اختیار اس کو ہے مگر یہ کہ تم اس سے اجازت حاصل کرو، خدا کی طاقت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

ہمسایہ کا حق:

ہمسایہ کا حق یہ ہے کہ اس کی عدم موجودگی میں اس کی عزت و آبرو کی حفاظت کرو اور اس کی موجودگی میں اس کا احترام کرو اور ہر حال میں اسکی مدد و معاونت کرو اس کے راز کی ٹوہ میں نہ رہو اور اسکی کمزوریوں کی تلاش میں نہ رہو پھر اگر نہ چاہتے ہوئے بھی آسانی سے تمہیں اسکی کوئی کمزوری معلوم ہو جائے تو تم اس کے لئے محکم و مضبوط قلعہ اور ایسا ضخیم و دبیز پردہ بن جاؤ کہ اگر اسے نیزوں سے بھی تلاش کیا جائے تو بھی اس کا سراغ نہ ملے کیونکہ وہ پیچیدہ اور مستور ہے۔ اور اس کے خلاف باتوں پر کان نہ دھرو کہ اس کو خبر تک نہ ہو اور اسے سختیوں اور مشکلات میں چھوڑ کر الگ نہ ہو جاؤ اور جب اس کے پاس کوئی نعمت دیکھو تو اس پر حسد نہ کرو۔ اسکی لغزشوں سے درگزر اور اس کے گناہوں سے چشم پوشی کرو اور اگر وہ تمہارے بارے میں جہالت کر بیٹھے تو تم اسے برداشت کرو اور اس کے ساتھ مسالمت و صلح آمیز برتاؤ کرو، اس پر سب و شتم نہ کرو اور اگر کسی ناصح نے اسے دھوکا دیا ہے تو تم اس کا سد باب کرو اس کے ساتھ شریف کی طرح بسر کرو اور جان لو کہ خدا کی قدرت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

ساتھی کا حق:

لیکن تمہارے رفیق اور ساتھی کا حق یہ ہے کہ جہاں تک تم سے ہو سکے اس کے ساتھ بخشش و فضل کرتے رہو اور اگر یہ نہ کر سکو تو کم از کم اس کے ساتھ انصاف سے کام لو اور جس طرح وہ تمہارا احترام و اکرام کرتا ہے اسی طرح تم بھی اس کا احترام و اکرام کرو، جس طرح وہ تمہاری حفاظت کی کوشش کرتا ہے اسی طرح تم بھی اس کی حفاظت کی کوشش کرو کسی بھی اچھے کام میں اسے تم سے آگے نہیں جانا چاہئے اور اگر وہ تمہارے اوپر سبقت لے گیا تو تم اسکی تلافی کرو اور اسے اتنی محبت دینے میں دریغ نہ کرو کہ جتنی کا وہ مستحق ہے، تم اپنے اوپر یہ لازم کر لو کہ اس کے خیر خواہ محافظ اور اپنے رب کی طاعت میں اس کے مددگار رہو گے اور اس سلسلہ میں اسکی مدد کرو گے کہ وہ اپنے پروردگار کی معصیت کا ارادہ بھی نہیں کرو گے پھر تمہیں اس کے لئے محبت کا سرمایہ ہونا چاہئے نہ کہ عذاب کا، خدا کی طاقت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

شریک کا حق:

شریک کا حق یہ ہے کہ اگر وہ موجود نہ ہو تو تم اس کے امور کو انجام دو اور اگر موجود ہو تو اسے اپنے برابر قرار دو اور اس سے مشورہ کے بغیر کوئی ارادہ و منصوبہ نہ بناؤ اور اس کے لئے اس کے مال کی حفاظت کرو اور اس کے ساتھ کم و زیادہ خیانت نہ کرو کیونکہ ہمیں یہ خبر ملی ہے کہ دو شریکوں کے اوپر اس وقت تک خدا کا ہاتھ ہے جب تک انہوں نے خیانت نہیں کی ہے۔ اور خدا کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

مال کا حق:

مال کا حق یہ ہے کہ اسے حلال طریقہ ہی سے حاصل کرو اور حلال راہ میں ہی خرچ کرو اور بیجا خرچ نہ کرو، صحیح راستہ سے منتقل کرو اور جو مال تمہارے پاس ہے وہ خدا کا مال ہے اسے راہ خدا میں ہی خرچ کرو اور اس چیز میں صرف کرو جو خدا تک رسائی کا سبب ہو اور جو تمہارا شکر گزار نہیں ہے اسے اپنے اوپر مقدم نہ کرو، تمہارے حق میں یہی بہتر ہے کہ اس سلسلہ میں طاعت ترک نہ کرو کہ وہ دوسروں کیلئے تمہاری میراث بن جائے اور تم وارث کے معاون قرار پاؤ اور وہ اس کو تم سے بہتر راستہ میں اور طاعت خدا میں خرچ کرے، اسے اس کا فائدہ ہو اور گناہ و افسوس تمہارے حصہ میں آئے، اور خدا کی طاقت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

قرض خواہ کا حق:

تمہارے قرض خواہ کا حق یہ ہے کہ اگر تمہاری استطاعت میں ہے تو اس کا قرض ادا کر دو اور اس کا کام چلا دو اور اسے بے نیاز کر دو، ٹال مٹول کر کے اسے پریشان نہ کرو کہ رسولؐ نے فرمایا ہے: ثروت مند کا ٹال مٹول کرنا ظلم ہے اور اگر تم تنگ دست ہو تو اس سے نرم لہجہ میں بات کرو، مہلت طلب کرو اور سلیقہ سے واپس کر دو کہ تم نے اس کا مال لے رکھا ہے اس سے بد سلوکی نہ کرو کیونکہ یہ پست اور گری ہوئی بات ہے، خدا کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

معاشر کا حق:

تمہارے اوپر معاشر کا حق یہ ہے کہ اسے فریب نہ دو، اس سے دغا نہ کرو، اس سے جھوٹ نہ بولو، اس کو غافل نہ کرو اور اس کے ساتھ دشمن جیسا سلوک نہ کرو کہ جو مدّ مقابل کا کوئی پاس ولحاظ نہیں کرتا ہے اگر وہ تم پر اعتماد کرتا ہے تو جہاں تک ہو سکے اس کیلئے کوشش کرو اور یہ بات تم جانتے ہو کہ اعتماد کرنے والے کو دھوکا دینا سود کی مانند ہے اور خدا کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

مدّعی اور مدّعا علیہ کا حق:

جس شخص نے تم پر دعویٰ کیا ہے اس کا تم پر یہ حق ہے کہ اگر وہ اپنے دعوے میں سچا ہے تو اس کی دلیل کو باطل نہ قرار دو اور اس کے دعوے پر خط تنسیخ نہ کھینچو بلکہ اس موقع پر تم اپنے مخالف بن جاؤ اور اس کے حق میں اپنے خلاف فیصلہ کرو اور گواہوں کی گواہی کے بغیر اس کے حق کے گواہ بن جاؤ کیونکہ یہ تمہارے اوپر خدا کا حق ہے اور اگر اس نے تمہارے اوپر جھوٹا دعویٰ کیا ہے تو اس کے ساتھ نرمی سے پیش آؤ، اس کو ڈراؤ، اسے اس کے دین کی قسم دو اور خدا کو یاد دلا کر اس کی شدت و تندی کو گھٹاؤ، اس کے ساتھ سخت کلامی سے پیش نہ آؤ کیونکہ یہ کام دشمن کے ظلم کو تم سے نہیں ہٹا سکتا، بلکہ اس سے تم گناہ کے مرتکب ہو گے اور اس کے باعث دشمن کی تلوار تمہارے لئے اور زیادہ تیز ہو جائے گی کیونکہ بری بات شر انگیز ہوتی ہے جبکہ نیک اور اچھی بات برائی کی جڑ کاٹ دیتی ہے۔ اور خدا کی طاقت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

لیکن جس پر تم نے دعویٰ کیا ہے اس کا تمہارے اوپر یہ حق ہے کہ اگر تم اس دعوے میں حق بجانب ہو تو اس سے حق لینے کیلئے تحمل و صبر سے کام لو کیونکہ مدعا علیہ کیلئے دعویٰ شدید جھٹکا ہے اسے آرام کے ساتھ اپنی دلیل سمجھاؤ اسے مہلت دو اور واضح و روشن بیان کے ذریعہ اس سے پوری مہربانی کے ساتھ پیش آؤ اور اس کے ساتھ قیل و قال سے جو جھگڑا ہو جاتا ہے اس کے سبب اپنی دلیل سے دست کشی اختیار نہ کرو کہ تمہارے ہاتھ سے دلیل نکل جائے، اور پھر تم اس کی تلافی نہ کر سکو، خدا کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

مشورہ لینے والے کا حق:

جو تم سے مشورہ لیتا ہے اس کا حق یہ ہے کہ اگر اس کے کام کے بارے میں تمہارے پاس کوئی رائے ہے تو اس کی نصیحت و خیر خواہی کے لیے کوشش کرو اور تم جو کچھ جانتے ہو وہ اسے سمجھاؤ اور اس سے یہ کہو کہ اگر تم اس کی جگہ ہوتے تو اس پر عمل کرتے یہ اس لیے ہے تا کہ تمہاری طرف سے اس پر مہربانی ہو کیونکہ نرمی و مہربانی وحشت کو ختم کر دیتی ہے سختی وحشت پیدا کرتی ہے اور اگر تم اسے کوئی مشورہ نہیں دے سکتے لیکن تمہاری نظر میں کوئی ایسا آدمی ہو جس پر تمہیں اعتماد ہے اور اس سے مشورہ لینے کو پسند کرتے ہو تو اس کی طرف اس کی راہنمائی کر دو اور اسے اس کا پتا بتا دو اس کے بارے میں کوئی کوتاہی نہ کرو اور اس کو نصیحت کرنے میں دریغ نہ کرو، خدا کی پناہ کے علاوہ کوئی پناہ نہیں اور اس کی طاقت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

مشاور کا حق:

لیکن جو تمہارا مشیر ہے اور تمہیں مشورہ دیتا ہے اس کا تمہارے اوپر یہ حق ہے کہ اگر اس کی رائے تمہارے موافق نہ ہو تو تم اسے متہم نہ کرو، کیونکہ نظریات اور رایوں کے لحاظ سے لوگ مختلف ہوتے ہیں پھر اگر اس کی رائے میں تمہیں کوئی خرابی نظر آئے تو تمہیں اختیار ہے لیکن اسے متہم کرنا جائز نہیں ہے خصوصاً جب تمہارے نزدیک اس میں مشورت کے شرائط پائے جاتے ہوں۔ اور اگر وہ تمہیں نیک مشورہ دے تو اس کے شکریہ اور خدا کی حمد وثناء کو فراموش نہ کرو اور اس انتظار میں رہو کہ اگر وہ کبھی تم سے مشورہ کرے تو تم اسے اسکی جزاء ایسی ہی دو۔ خدا کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

نصیحت طلب کرنے والے کا حق:

جو تم سے نصیحت چاہتا ہے اس کا حق یہ ہے کہ اسے اتنی نصیحت کرو جتنا اس کا استحقاق ہے اور جتنی کو وہ برداشت کر سکتا ہے اور اس انداز میں نصیحت کرو کہ اس کے کان کو بھلی لگے، اس سے اسکی عقل کے مطابق بات کرو کیونکہ ہر عقل کے لئے ایک مخصوص انداز سخن ہوتا ہے وہ اسی کو سمجھتی ہے اور تمہارا انداز و چلن نرم ہونا چاہئے۔

نصیحت کرنے والے کا حق:

نصیحت کرنے والے کا حق یہ ہے کہ اس سے نرمی و خاکساری کے ساتھ پیش آؤ قلبی طور پر اس کی طرف جھک جاؤ اور اس کی طرف کان لگاؤ تاکہ اس کی بات کو سمجھ جاؤ، پھر اس کی نصیحت کے بارے میں غور کرو اگر اس کی بات صحیح ہے تو اس پر خدا کا شکر ادا کرو اور اس کو قبول کر لو اور اس کی نصیحت کی قدر کرو اور اگر اس کی بات صحیح نہیں ہے تو اس پر مہربان رہو اور اس کو متہم نہ کرو، تمہیں یہ معلوم ہونا چاہئے کہ اس نے تمہاری خیر خواہی میں کوئی کوتاہی نہیں کی۔ ہے ہاں اس سے غلطی ہوئی ہے، اگر وہ تمہارے نزدیک تہمت کا مستحق ہو تو پھر کسی بھی حال میں اس کی کسی بات پر اعتماد نہ کرو، خدا کی عنایت و قدرت کے علاوہ کوئی طاقت وقدرت نہیں ہے۔

بزرگ کا حق:

بزرگ کا حق یہ ہے کہ تم اس کے سن و عمر کے لحاظ سے اس کا احترام کرو اور اس کے حق کو اہمیت دو اور اگر وہ اسلام میں فضیلت رکھتا ہے تو اس کے اسلام کو بزرگ و عظیم سمجھو اور دشمنی میں اس سے مقابلہ کرنے سے پرہیز کرو اور راستہ میں اس کے آگے آگے چلو اور نہ اس پر سبقت کرو اور اس سے جہالت و نادانی سے پیش نہ آؤ اور اگر وہ تمہارے ساتھ ایسا کرے تو تم برداشت کرو اور اس کے اسلام و بزرگی کی وجہ سے اسکی تعظیم کرو کیونکہ بزرگی و سن درازی بھی اسلام کے برابر ہے۔ خدا کی طاقت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

چھوٹے کا حق:

کمسن و بچہ کا حق یہ ہے کہ اس کے ساتھ محبت سے پیش آؤ اس کی پرورش کرو، اس کو تعلیم دو، اس سے درگزر کرو، اسے لباس پہناؤ، اس کے ساتھ نرم رویہ رکھو، اس کی مدد کرو اور اس کی بچکانہ حرکتوں پر پردہ ڈال دو کیونکہ یہ چیز توبہ کا باعث ہے، اس کی رعایت کرو اور اسے بھڑکاؤ نہیں کیونکہ یہ بات اس کے رشد سے قریب ہے۔

سائل کا حق یہ ہے کہ اگر تمہارے پاس صدقہ تیار ہے تو اسے دیدو اور اس کی ضرورت کو پورا کر دو اور اس کی ناداری کے برطرف ہونے کی دعا کرو اور اس کی طلب میں اسکی مدد کرو اور اگر تمہیں اس کی صدق بیانی میں شک ہو اور اس سلسلہ میں اس پر پہلے تہمت لگائی جا چکی ہو اور تمہیں اس کا یقین نہ ہو تو اس تہمت کی پروانہ کرو ہوسکتا ہے شیطان تمہیں تمہارے حصہ سے محروم کرنا چاہتا ہو اور وہ تمہارے اور تمہارے رب کے تقرب میں حائل ہونا چاہتا ہو۔ لہٰذا اسے اس کے حال پر چھوڑ دو اور اسے شائستہ جواب دو اور اس صورت میں بھی اگر اسے کچھ دیدو تو یہ بہت اچھا ہے۔

مسؤل کا حق:

جس سے سوال کیا جاتا ہے، جس سے طلب کیا جاتا ہے اس کا حق یہ ہے کہ اگر اس نے کچھ دیا ہے تو اسے شکریہ کے ساتھ قبول کرلو اور اسکی قدر کرو اور اگر وہ کچھ نہ دے سکے تو اسے معاف کردے اور اس کے بارے میں حسن ظن رکھے اور یہ جان لو کہ اگر منع کیا ہے تو اپنے ہی ضرر میں منع کیا ہے اس میں اس کا کوئی نقصان نہیں ہے خواہ وہ ظالم ہی ہو کیونکہ انسان ظالم ہے اور حق کو چھپانے والا ہے۔

خوش کرنے والے کا حق:

جس شخص کے ذریعہ خدا نے تمہیں خوش و مسرور کیا ہے اس کا حق یہ ہے کہ اگر اس کا ارادہ تمہیں خوش کرنا تھا تو پہلے اس کا شکریہ ادا کرو اور پھر اسے اتنی جزاء دو کہ جتنا اس نے تمہیں خوش کیا ہے اور ہمیشہ اس کے احسان کا بدلہ چکانے کی فکر میں رہو اور اگر اس کا ارادہ تمہیں خوش کرنا نہیں تھا تو خدا کی حمد اور اس کا شکر ادا کرو اور یہ جان لو کہ یہ خوشی اسی کی طرف سے ہے اور چونکہ وہ تمہارے لئے خدا کی نعمتوں کا سبب بنا ہے اس لئے اس سے محبت کرو اور اس کے لئے خیر خواہ رہو۔ کیونکہ نعمتوں کے اسباب بھی نعمت ہیں چاہے کہیں بھی ہوں اور وہ اس کا قصد بھی نہ رکھتا ہو۔

اس کا حق جس نے تمھارے ساتھ برائی کی ہے:

لیکن اس کا حق کہ جس نے قول وفعل سے تمہارے ساتھ برائی کی ہے۔ اگر اس نے جان بوجھکر ایسا کیا ہے تو بہتر یہ ہے کہ اس سے درگزر کروتا کہ کدورت کی جڑ کٹ جائے اور خلق خدا میں سے اس جیسے بہت سے لوگوں کے ساتھ شائستہ طریقہ سے پیش آؤ کیونکہ خداوند عالم کا ارشاد ہے: جس نے اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد انتقام لے لیا تو اس پر کوئی الزام نہیں ہے۔۔۔۔۔۔ نیز ارشاد ہے: یہ کام صحیح ہے پھر فرمایا ہے: اگر سزادو تو ویسی ہی سزادو جیسی تمہیں دی گئی تھی لیکن اگر تم صبر کرو تو یہ صابروں کیلئے بہتر ہے یہ تو عمدی صورت میں ہے۔

ہم مذہب کا حق:

عام طور سے تمہارے ہم مذہب کا تمہارے اوپر یہ حق ہے کہ تہ دل سے ان کی خیریت وسلامتی طلب کرو اور ان کے لئے رحم ومہربانی کے پر پھیلاؤ اور ان کی خاطر تواضع کرو ان سے انس والفت پیدا کرو، ان کی اصلاح کرو اور اس کا شکریہ ادا کرو کہ جس نے اپنے، ان کے اور تمہارے اوپر احسان کیا ہے کیونکہ اس کا اپنے اوپر احسان کرنا ایسا ہی ہے جیسا تمہارے اوپر احسان کیا ہو اس لئے کہ تمہیں اذیت وتکلیف نہیں دی ہے اور اپنے خرچ سے تمہیں بے نیاز رکھا ہے اور اپنے کو تم سے باز رکھا ہے پس تم ان سب کے لئے دعا کرو اور اپنی نصرت سے ان سب کی مدد کرو اور ان میں سے ہر ایک کیلئے ایک مخصوص مقام و مرتبہ قرار دو۔ ان کے بزرگ کو اپنے والد کی جگہ سمجھو اور انکے بچوں کو اپنی اولاد کے برابر سمجھو اور درمیانی عمر والے کو اپنا بھائی قرار دو اور جو بھی تمہارے پاس آئے، لطف ومہربانی سے اس کی دل جوئی کرو اور اپنے بھائی کو بھائی کے حق سے مالا مال کردو۔

اہل کتاب کا حق:

لیکن اہل ذمہ یعنی اسلام کی پناہ میں رہنے والوں کا حق یہ ہے کہ ان کی اس چیز کو قبول کرلو جس کو خدا نے قبول کیا ہے اور اس عہد وذمہ داری کو پورا کرو جو خدا نے ان کے لیے مقرر کی ہے اور اگر وہ مجبور ہوں یا اسے چاہیں تو وہ انھیں دو اور ان سے معاملہ میں خدا کے حکم پر عمل کرو اور چونکہ وہ اسلام کی پناہ میں ہیں لہذا خدا اور رسولؐ کے عہد وپیمان کو وفا کرنے کے لیے ان پر ظلم نہ کرو کیونکہ ہم تک یہ بات پہنچی ہے کہ فرمایا: جس نے اس شخص پر ظلم کیا جس سے معاملہ کیا ہے میں اس کا دشمن ومخالف ہوں، اللہ سے ڈر خدا کی طاقت وقوت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔[1]

[1] Urdu translation from Ayeena e Huqooq

24) Aulaad ka haq:

Tumhare uppar bete ka ye haq hai tum ye jaan lo ke wo tumhara hi hai dunya me tumhi se wabasta hai aur uska khair aur shar bhi tumhari taraf mansoob hota hai aur ye zimmedari tumhari hai ke usey adab sikhaao, uske parwardigaar ki taraf uski rehnumaai karwao aur uski eta'at me uski madad karo agar tum is zimmedari ko pura karogey to sawaab paogey aur agar iski anjaamdehi me kotaahi karogey to sazaa paogey. Pus is ke lie is tarah naik amal karo ke uska husn o Jamaal dunya me aashkaar hojaai aur iski jo behtareen sarparasty tumne ki hai aur jo nateeja tumne haasil kia hai wo khuda ki bargaah me tumhare aur is ke darmyaan aik uzr hojaai.

25) Bhai ka haq:

Tumhare Bhai ka haq tumhare uppar ye hai ke tumhe maloom hona chaie ke wo tumhara haath hai aur tumhare lie pusht panaah hai ke jahan tum panah guzeen hote ho wo tumhari izzat hai ke jasper tum aitmaad karte ho aur wo tumhari quwwat hai ke jiske zarye tum hamla karte ho pus usey khuda ki maasiyta o nafarmani ka zarya o harba na banaao aur iske wasilay se khuda ki makhlooq par zulm na karo tum iske haq me iski madad karo aur iske dushman ke khilaaf iski nusrat karo iske aur shaitaan ke darmyaan haael ho jaao aur usey naseehat karne me pura haq ada karo aur usey khuda ki taraf bulaao phir agar wo apne parwardigaar ka mutee' ho jaai aur uske hokum ko tasleem kare to fabeha, warna tumhare nazdeek khuda ko muqaddam hona chaie au rise tumhare lie azeem hona chaie.

26) Azaad karne wale ka haq:

Lekin jis mola ne tumhe naimat se nawaza hai aur tumhe azaad kia hai uska haq tumhare uppar ye hai tum ko ye maloom hona chai eke usne tumhe azaadi dilane ke lie apna maal kharch kia aur tumhe ghulaami ki zillat o wehshat se nikaal kar hurriyat o azaadi ki izzat me pohcha dia, milkiyat ki aseeri se tumhe azaad kia aur tumhe ghulaami ki zanjeer se nijaat dilaai, tumhare lie izzat ki fiza banai aur tumhe qabr ki jail se nikala aur tumhe sakhtyon se rihaai dilaai aur tumhare lie adl ki zabaan kholi aur saari dunya ko tumhare lie mubaah kar dia aur tumhe, tumhare nafs ka maalik bana dia aur tumhe zindaan se rihaa karaya aur tumhe tumhare parwardigaar ki ibadat ke lie asooda khaatir kia, khud maali kharch bardaasht kia jaan lo ke wo tumhari hayaat o mamaat me tumhare saare azeezon se zyada tum se qareeb hai pus wo khuda mai sab se zyada tumhari madad o kumak ka musteheq hai jab tak ise zarurat hai usey apne uppar muqaddam karo.

27) Azaad shuda ka haq:

Jo ghulaam tumne azaad kar dia uska tumhare uppar ye haq hai ke tumhe maloom hona chai eke khuda ne tumhe is ka himayat karne wala, pusht panaah aur madadgaar banaya hai aur usey tumhare aur apne darmyaan wasila qarar dia hai sazawaar hai ke wo tumhe Jahannam se nijaat ataa kare aur is ka ye sawaab aakhirat me tumhe naseeb ho aur dunya me bhi agar is ka koi waaris na ho to tumhe iska waris ho kyunke tumne is par paisa kharch kia hai aur is ko azaad kia hai aur iske haq ko qaaim kia hai agar tum in cheezon ka khayaal nahi rakhogey to is baat ka andesha hai ke is ki meeraas tumhare lie paak nahi hogy.

28) Ehsaan karne wale ka haq:

Jisne tum par ehsaan kia hai uska tum par ye haq hai is ka shukria ada karo aur iska zikr e khair karo aur iski achi baton ko phailaao aur iske lie khuloos ke saath khuda se dua karo kyunke agar tum ne asa kia to goya tum ne khullam khulla aur khufya tor par is ka shukria ada

kia phir agar tumhari estetaat ho to iska badla do warna iske intezaar me raho aur uske kaam ke lie khud ko tayyar rakho.

29) Muazzin ka haq:

Lekin muazzin ka haq tumhe maloom hona chai eke wo tumhe tumhare parwardigaar ko yaad dilane wala hai aur tumhe tumhare hisse ki taraf bulane wala hai aur jo fareeza khuda ne tum par waajib kia hai usme wo tumhara behtareen madadgaar hai aur tumhe iski qadar isi tarah karni chaie jis tarah tum apne mohsin ki qadar karte ho agar tum apne ghar me isse budgumaan ho to uske kaam me budgumaani na karo jo ke wo khuda ke lie kar raha hai aur ye baat tum achi tarah jante ho ke ye khuda ki taraf se tumhare lie aik nemat hai pus allah ki nemat ke saath acha sulook karo aur har haal me ispar khuda shukr ada karo khuda ki etaat ke alawa koi taqat nahi hai.

Is haq ka khulasa ye hai ke insaan ko is baat ki taraf mutawajjah hona chaie ke is par muazzin ka haq hai kyunke wo aik azeem kaam anjaam deta hai.

30) Imam e jamaat ka haq:

Lekin paishe namaz ka tum par ye haq hai ke tumhe ye maloom hona chaie ke is ne tumhare aur khuda ke darmyaan raabta ki aur tumhe tumhare parwardigaar ki taraf le jaane ki zimmedari qubool ki hai is moqe par wo tumhari tarjumaani karta hai iski taraf se tum kuch bhi nahi kehte ho, wo tumhare lie dua karta hai tum iske lie dua nahi karte ho wo tumhare lie talab karta hai, tum is ke lie talab nahi karte is ne khuda ki baargaah me khare hone aur tumhare lie is se sawaal karne ko apne zimme lia hai jabke tum ne is ki taraf se koi cheez apne zimme nahi li hai agar is kaam me koi naqs hoga to iska khamyaaza usi ko bhugatna pare ga na ke tum ko agar wo gunah kare ga to uske gunah me tum iske shareek nahi ho aur use tum par bartary nahi hai wo tumhari sipar ban gaya aur apni namaz ko usne tumhari namaz ki sipar bana dia hai.lihaza is ka shukria ada karna chaie. Khuda ki quwwat ke alawa koi taqat nahi hai.

31) Hamnasheen ka haq:

Hamnasheen ka haq ye hai ke uske saath narmi se pesh aao.khanda peshaani se is ka istaqbaal karo aur ise khush amdeed kaho. Aur isse guftugu ke douran insaaf se kaam lo usse yak bayak tawajjah na hatao aur isse guftugu me tumhara maqsad use samjhana ho, agar is hamnasheeni mai yum ne pehel ki hai aur is ke hamnasheen bane ho to tumhe ikhtyaar hai ke jis waqt chaaho utho lekin agar isne tum se hamnasheeni ka aghaaz kia hai to ikhtyaar isko hai magar ye ke tum is se ijazat haasil karo, khuda ki taqat ke alawa koi taqat nahi hai.

32) Hamsaye ka haq:

Hamsaye ka haq ye hai ke iski adam mojudgy mai is ki iazzat o aabru ki hifazat karo aur iski mojudgi me iska ehtraam karo aur har haal mai uski madad o mu'awinat karo iske raaz ki toh me na raho aur iskikamzoryon ki talaash mai na raho phir agar na chaahte hue bhi asaani se tumhe iski koi kamzori maloom ho jaai to tum iske lie mohkam o mazboot qila'a aur aesa zakheem o dabeez parda ban jaao ke agar ise naizon se bhi talaash kia jaai to bhi iska suraagh na mile kyun ke wo paicheeda aur mastoor hai.aur iske khilaaf baaton par kaan na dharo ke isko khabar tak na ho aur use sakhtyon aur mushkilaat mai chor kar alag na ho jaao aur jab iske paas koi nemat dekho to ispar hasad na karo. Iski laghzishon se darguzar karo uske gunahon se chashm poshi karo aur agar wo tumhare baare me jihalat kar bethe to tum use bardaasht karo aur uske saath musaalihat o sulaah amaiz bartaao karo, is par sab o shitam na karo aur agar kisi naaseh ne ise dhoka dia hai to tum is ka sadde baab karo iske saath shareef ki tarah basar karo aur jaan lo ke khuda ki qudrat ke alawa koi taqat nahi hai.

33) <u>Saathi ka haq:</u>

Lekin tumhare rafeeq aur saathi ka haq ye hai ke jahan tak tum se ho sake uske saath bakhshish o fazl karte raho aur agar ye na kar sako to kam az kam iske saath insaaf se kaam lo aur jis tarah wo tumhara ehtraam o ikraam karta hai isi tarah tum bhi is ka ehtraam o ikraam karo, jis tarah wo tumhari hifazat ki koshish karta hai is tarah tum bhi iski hifazat ki koshish karo kisi bhi ache kaam me use tum se agey nahi jana chaie aur agar wo tumhare uppar sabqat le gaya to tum uski talaafi karo au rise itni muhabbat dene me daregh na karo ke jitni ka wo musteheq hai, tum apne uppar ye laazim karlo ke iske khair khuwaah muhafiz ho aur apne rab ki eta'at mai is ke madadgaar rahogey aur is silsilay me iski madad karo g eke wo apne parwardigaar ki ma'siyat ka iraada bhi nahi karoge phir tumhe is ke lie muhabbat ka sarmaya hona chaie na ke azaab ka, khuda ki taqat ke alawa koi taqat nahi.

34) <u>Shareek ka haq:</u>

Shareek ka haq ye hai ke agar wo mojud na ho to tum iske umoor ko anjaam do aur agar mojud ho to ise apne barabar qarar do aur is se mashwara kie baghair koi irada o mansuba na banao aur iske lie iske maal ki hifazat karo aur is ke saath kam o zyada khayanat na karo kyunke hame ye khabar mili hai ke do(2) shareekon ke uppar is waqt tak khuda ka haath hai jab tak inhun ne khayanat nahi ki hai. aur khuda ke alawa koi taqat nahi hai.

35) <u>Maal ka haq:</u>

Maal ka haq ye hai ke ise halaal tareeqe se haasil karo aur halaal raah me hi kharch karo aur bejaa kharch na karo, sahee raaste se muntaqil karo aur jo maal tumhare paas hai wo khuda ka maal hai ise raah e khuda me hi kharch karo aur is cheez me sarf karo jo khuda tak rasaai ka sabab ho aur jo tumhara shukrguzaar nahi hai ise apne uppar muqaddam na karo, tumhare haq me yahi behtar hai ke is silsile me ta'at tark na karo ke wo dusron ke lie tumhari meeras ban jaai aur tum waaris ke mua'win qarar paao aur wo isko tum se behtar raaste me aur etaat e khuda me kharch kare, ise is ka faaida ho aur gunah o afsos tumhare hisse me aai, aur khuda ki taqat ke alawa koi taqat nahi hai.

36) <u>Qarz khuwaah ka haq:</u>

Tumhare qarz khuwaah ka haq ye hai k agar tumhari esteta'at mai hai to is ka qarz ada kardo aur is ka kaam chala do aur ise benyaaz kar do, taal matol kar ke ise pareshan na karo ke rasul (saww) ne farmaya hai: Sarwat mand ka taal matol karna zulm hai aur agar tum tangdast ho to is se narm lehje me baat karo, mohlat talab karo aur saleeqe se wapis kardo ke tum ne is ka maal le rakha hai is se budsulooki na karo kyun ke ye past aur giri hui baat hai, khuda ke alawa koi taqat nahi hai.

37) <u>Ma'shir ka haq:</u>

Tumhare uppar Mua'shir ka haq ye hai ke ise faraib na do, is se dagha na kro, isse jhoot na bolo, isko ghaafil na karo aur is ke saath dushman jesa sulook na karo k jo madde muqaabil ka koi paas o lihaaz nahi karta hai agar wo tum par aitmaad karta hai to jahan tak ho sake us ke lie koshish kro aur ye baat tum jaante ho ke aitmaad karne wale ko dhoka dena sood ki manind hai aur khuda ke alawa koi taqat nahi.

38) <u>Muddai Or Muda'a alayh Ka Haq</u>

Jis shakhs nai tum par daawa kiya hai us ka tum tum par ye haq hai kai agar wo daawai mai sacha hai toh uski daleel ko batil na qaraar do or uskey daawai per khat tasnseekh na khaincho balkai is moqai per tum apney mukhalif bun jao or uskey haq mai apney khilaf faisla karo or gawaho ki gawahi kai bagair uskey haq ka gawah ban jao kunkey ye tumhare uper khuda ka haq hai or agar usnai tumhare uper jhoota daawa kiya hai toh uskey saath narmi sai

paish aao , usko darao , usko uskey deen ki qasam do or khuda ko yaad dila kar uski shiddat or tangi ko ghatao or uskey saath sakht aalami se paish na aao kyun kai ye kaam dushman kai zulm ko tumsey nahi hata sakta balkai ussey tum gunaho kai bais dushman ki talwar tumharey liye or ziyada taiz hojai gi kyun kai buri baat sharangaiz hoti hai jab kai naik or achi baat burai ki jar kaat daiti hai. Or khuda ki taqaat kai ilawa koi taqaat nahi hai

Lekin jis par tum ne daawa kia hai us ka tumhare upar ye haqq hai ke agar tum is daawe me haqq ba jaanib ho to is se haqq lene ke lie tahammul aur sabr se kaam lo kyunke mudda'a 'alayy ke lie daawa shaded jhatka hai ise araam ke sath apni daleel samjaho ise mohlat do aur wazeh aur roshan bayaan ke zariye is se poori meherbaani ke saath pesh ao aur is ke saath qeel o qaal se jo jhagra ho jaata hai is ke sabab apni daleel se dast kshi ikhteyaar na karo ke tumhare haath se daleel nikal jaye aur phir tum is ki talaafi na kar sako khuda ke ilaawa koi taaqat nahi hai.

39) <u>Mashwara Laine wale Ka Haq</u>

Jo tumse mushwara laita hai uska haq ye hai kai agar uskey kam kai bare mai tumharey pass koi rai hai toh uski nasihat or khair khuwahi kai liye koshish karo or tum jo kuch jante ho wo usse samjhao or usse ye kaho kai agar tum uski jaga hote toh isper aamal karte ye isliye hai take tumharey taraf se usper meharbani ho kyunke narmi o meherbani wahshat ko khatam kar daiti hai sakhti wahshat paida karti hai or agar tum usse koi mashwaara nahi dai saktai lakin tumhari nazar mai koi aisa aadmi ho jisper tumhey aitamaad hai or us se mashwara laine ko pasand kartay ho toh uski tarf uski rehnomai kardo or usse uska pata bata do uske bare mai koi kotahi na karo or usko naseehat karne mai daraigh na karo , khuda ki panah kai ilawa koi panah nahi or uski taqaat kai ilawa koi taqaat nahi hai.

40) <u>Mushaawir ka haqq:</u>

Laiken jo tumhara mushir hai or tumha mashwara data ha us ka tumhara uper yeh haq ha ka agar us ki raiy tumhara muwafiq na ho to tum usa muttaham na karo kyunke nazariyat or raiyo ke lehaz se log mukhtalif hotay hain phir aghar us ki raiy ma tumhay koi kharabi nazar aaye to tumhe ikhtiyar ha laikin use muttaham karna jaiz nahi ha khususan jab tumharay nazdeeq us ma mashwarat kai sharait paey jatay ho or agar woh tumhai naik mashwara day to us ka shukriya or khuda ki hamd o sanah ko faramosh na karo or is intizar ma raho ka agar wo tumsey kabhi mashwara karai toh tum usse uski jaza aisi hi do khuda kai ilawa koi taqaat nahi hai.

41) <u>Naseehat talab karne wale ka haq</u>

Jo tumse naseehat chahta hai uska haq ye hai kai usse utni he naseehat karo jitna uska istehqaak hai or jitni ko wo bardasht kar sakai or us aandaz mai naseehat karo ka uskey kaan ko bhali lagai , us se uski aaqal ka mutabiq baat karo kyu ka har aqal ka liye ek makhsoos aandaz sukhan hota hai wo ussi ko samjhti hai or tumhara andaz o chalan naram hona chahiye.

42) <u>Naseehat karne wale ka haq</u>

Naseehat karne wale ka haq ye hai ka us se narmi O khaksari ka saath paish aao qalbi taur per uski tarf jhuk jao or uski tarf kaan lagao take uski baat samjh jao , or phir uski naseehat ka bare mai ghor karo agar uski baat sahi hai toh usper khuda ka shukar ada karo or usko qabool karlo or uski naseehat ki qadr karo or uski baat sahi nahi hai toh usper meharban raho or usko muttaham na karo , tumhey ye maloom hona chahiye kai usne tumhari khair khuwahi mai koi kotahi nahi ki hai Han us se ghalti hui hai , agar wo tumhare nazdeek tohmat ka mushtahiq ho toh phir kisi bhi haal mai uski kisi baat per etamaad na karo , khuda ki enayat or qudrat kai ilawa koi taaqat or qudrat nahi hai.

43) Buzurg ka haq

Buzurg k haq ye hai ka tum uske sin or umar kai lihaz se uska ehtaram karo or uske haq ko ehtmiyat do agar wo islam mai fazeelat rakhta hai toh uske islam ko buzurg aur azeem samjho aur dushmani mai us se muqabila karne se parhaiz karo or raste mai uske aagai aagai chalo or na us per sabqat karo or usse jahalat or nadani se paish na aao or agar wo tumhare saath aisa karai toh tum bardasht karo or uske islam or buzurgi ki waja se uski tazeem karo kyun ke buzurgi or sin darazi bhi islam ke barabar hai khuda ki taaqat ka ilawa koi taaqat nahi hai.

44) Chote ka haqq:

Kamsin bache ka haqq ye hai ke si ke sath mohabbat se pesh ao is ki parwarish karo, is ko taleem do, is se darguzr karo, ise libaas pehnao, is ke sath narm rawayya rakho, is ki madad karo aur is ki bachkana harkaton par parda daal do kyunke ye cheez toba ka baa'is hai, is ki ri'aayat karo aur is ko bharkao nahi kyunke ye baat us ke rushd se qareeb hai.

45) Saa'il ka haqq:

Saa'il ka haqq ye hai ke agar tumhare pas sadqa tayyar hai to ise dedo aur is ki zaroorat ko poora kar do aur is ki naadaari ki bartaraf hone ki dua karo aur is ki talab me is ki madad karo aur agar tumko is ki sidq bayani me shak ho aur is silsile me is par pehle tohmat lagai ja chuki aur tumhe is ka yaqeen na ho to is tohmat ki parwah na karo hosakta hai shaytan tumhein tumhare hisse se mehroom karna chahta ho aur wo tumhare aur tumhare rabb ke taqarrub me haa'il hona chahta ho. Lihaaza ise iske haal par chor do aur ise shaaista jawaab do aur is soorat me bhi agar ise kuch dedo to bohot acha hai.

46) Mas'ool ka haqq:

Jis se sawaal kia jata hai, jis se talab kia jaata hai is ka haqq ye hai ke agar is ne kuch diya hai to ise shukriye ke sath qubool kar lo aur is ki qadr karo aur agar wo kuch na de sake to use maaf kardo aur us ke baare me husn e zan rakhe aur ye jaan lo ke agar mana kia hai to apne hi zarar mein mana kia hai us mein is ka koi nuqsaan nahi hai khwaah wo zalim hi ho kyunke insaan zalim hai aur haqq ko chupane wala hai.

47) Khush karne wale ka haqq:

Jis shakhs ke zariye khuda ne tumhe khush aur masroor kiya hai is ka haqq ye hai ke agar is ka iraada tumhein khush karna tha to pehle is ka shukriya ada karo aur phi rise itni jaza do ke jitna us ne tumhein khush kia hai aur hamesha is ke ehsan ka badla chukane ki fikr mein raho aur agar is ka kiraada tumehin khush karna nahi tha to khuda ki hamd aur us ka shukr ada karo aur ye jaan lo ke ye khushi usi ki taraf se hai aur chunke wo tumhare lie khuda ki nematon ka sabab bana hai is lie is se mohabbat akro aur is ke lie khair khwah ho. Kyunke nematon ke asbaab bhi ne'mat hain chahe kahin bhi hon aur who is ka qasd bhi na rakhta ho.

48) Us ka haqq jis ne tumahre sath burai ki ho:

Lekin is ka haqq jis ne qaul o fel se tumhare sath burai ki hai; agar is ne jaan boojh kar aisa kia hai to behtar ye hai ke is se darguzar karo take kadurat ki jar kat jaye aur khalq e khuda me se is jese bohot se logon ke sath shaista tareeqe se pesh ao kyunke khudawand e aalam ka irshad hai: Jis ne apne upar zulm hone ke baad inteqaam lelia to is par koi ilzaam nahi hai … nez irshad hai : Ye kaam sahi hai, phir farmaya hai: Agar saza do to wesi hi saza do jesi tumehin di gayi thi lekin agar tum sabr karo to ye sabiron ke lie behtar hai ye to 'amdi soorat mein hai.

49) Ham mazhab ka haqq:

Am taur se tumhare ham mazhab ka tumhare upar ye haqq hai ke tah e dil se in ki kheriat o salamti talab karo, aur in ke lie rehem o meherbani ke par phelao aur in ki khatir tawazo karo aur in se uns o ulfat paida karo, in ki silaah karo aur is ka shukria ada karo ke jis ne apne, in ke oopar aur tumhare oopar ehsaan kia hai kyunke is ka apne oopar ehsan karna aisa hi hai jesa tumhare upar ehsan kia ho is lie e tumhe aziat aur takleef nahi di hai aur apne kharch se tumhein be niaz rakha hai aur apne ko tum se baaz rakha hai pas tum in sab ke lie dua karo aur apni nusrat se in sab ki madad karo aur in me se har aik ke lie aik makhsoos maqam o martaba qaraar do. In ke buzurg ko apne walid ki jaga samjho aur in ke bacho ko apni awlaad ke baraabar samjho aur darmiyani umr wale ko apna bhai qaraar do aur jo bhi tumhare paas aye lutf aur meherbani se is ki dil joi karo aur apne bhai ko bhai ke haqq se maala maal kardo.

50) <u>Ahle Kitaab ka haqq:</u>

Lekin ahle zimma yani islam ki panaah me rehne walon ka haqq ye hai ke in ki is cheez ko qubool karlo jisko khuda ne qubool kia hai aur is ehd o zimmedari ko poora karo jo khuda ne in ke lie muqarrar ki hai aur agar wo majboor hon ya ise chahen to wo inhein do aur in se muamle mein khuda ke hukm par amal karo aur chunke wo islam ki panaah me hain lehaza Khuda aur Rasul ke ehd o peyman ko wafa karne ke lie in par zulm na karo kyunke ham tak ye baat pohochti hai ke farmaya : Jis ne is par zulm kia jis se muamla kia hai me is ka dushman o mukhaalif hun, Allah se dar khuda ki taaqat o qoowat ke ilawa koi taaqat nahi hai.

Treatise of rights – Imam Sajjad (alayhessalaam)

24) The Right of the Child

The right of your child is that you should know that he is from you and will be ascribed to you, through both his good and his evil, in the immediate affairs of this world. You are responsible for what has been entrusted to you, such as educating him in good conduct (*husn al-adab*), pointing him in the direction of his Lord, and helping him to obey Him. So act toward him with the action of one who knows that he will be rewarded for good doing toward him and punished for evildoing.

25) The Right of the Brother

The right of your brother is that you know that he is your hand, your might, and your strength. Take him not as a weapon with which to disobey God, nor as equipment with which to wrong God's creatures. Do not neglect to help him against his enemy or to give him good counsel. If he obeys God, well and good, but if not, you should honour God more than him. And there is no strength save in God

26) The Right of the Master on the Slave that he has freed

The right of your master (*mawla*) who has favoured you [by freeing you from slavery] is that you know that he has spent his property for you and brought you out of the abasement and estrangement of bondage to the exaltation and comfort of freedom. He has freed you from the captivity of possession and loosened the bonds of slavehood from you. He has brought you out of prison, given you ownership of yourself, and given you leisure to worship your Lord. You should know that he is the closest of God's creatures to you in your life and your death and that aiding him with your life and what he needs from you is incumbent upon you. And there is no strength save in God.

27) The Right of the Slave that you have freed

The right of the slave (*mawla*) whom you have favoured [by freeing him] is that you know that God has made your freeing him a means of access to Him and a veil against the Fire. Your immediate reward is to inherit from him- if he does not have any relatives- as a compensation for the property you have spent for him, and your ultimate reward is the Garden

28) The Right of One who does a Kindly Act

